Ad 30cm x 4col

# اطلاع برائے گیارہواں غیر معمولی اجلاس

ذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کیپٹل ایسٹس لیزنگ کارپوریشن لمیٹڈ کے حصص یافتگان کا گیارہواں غیر معمولی اجلاس عام مورخہ 03 مئی 2021 کو بوقت 10:30 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع D-131/A، بلاک 4، کلفٹن، کراچی میں بذریعہ ویڈیو لنک سہولت منعقد ہوگا جس میں درج ذیل امور نمٹائے جائیں گے۔

**عمومی امور**

مورخہ 28 اکتوبر 2020 کو منعقدہ گزشتہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

**خصوصی امور**

غور وخوص کرنا اور موزوں پائے جانے پر درج ذیل قراردادیں بطور خصوصی قراردادیں مع یا بلا کسی ترمیم، اضافے یا تحریف کے، منظور کرنا:

**1۔ کمپنی کے نام کی تبدیلی کی منظوری:**

''**قرار پایا کہ** کمپنی کا نام 'کیپٹل ایسٹس لیزنگ کارپوریشن لمیٹڈ' سے بدل کر بہ لحاظ ترجیح درج ذیل میں سے کوئی نام یعنی: 'CALCORP لمیٹڈ'، 'کیپٹل ایسٹس لیزنگ کارپوریشن لمیٹڈ'، 'کیپٹل ایسٹس لمیٹڈ'، یا کوئی اور نام جو دستیاب ہو اور SECP سے منظور شدہ ہو، رکھ دیا جائے اور اس مقصد کی خاطر مجاز افراد کی جانب سے موزوں خیال کردہ کسی ترمیم، تبدیلی، اضافے یا تحریف یا SECP کی جانب سے دی گئیں تجاویز، ہدایات، مشوروں اور یہ تجاویز، ہدایات اور مشورے زیرنظر خصوصی قرارداد کے حصے کے طور پر منظور خیال کی جائیں جس کی منظوری کے لئے کمپنی کے ممبران کو مزید خصوصی قرارداد کی ضرورت نہ ہو، کی شرط پر میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیمات کی جائیں، اور ذریعہ ہٰذا منظوری دی جاتی ہے۔

''**مزید قرار پایا کہ** 'ایسٹس لیزنگ کارپوریشن لمیٹڈ' کا نام، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور/ یا کسی اور دستاویز میں جہاں پر آیا ہو، قبل ازیں پیش کردہ قرارداد میں تجویز کردہ نام، جو دستیاب ہو اور SECP سے منظور کردہ ہو، سے بدل دیا جائے۔

''**مزید قرار پایا کہ** کمپنی سیکریٹری اور/ یا کمپنی کے ڈائریکٹر، جناب شاہ رخ سعید فاروقی کو ایسے تمام امور جو ضروری خیال کئے جائیں یا جو اتفاقی ہوں، کی انجام دہی کے لئے درکار تمام تر اختیارات انفرادی طور پر دیئے جائیں تا کہ وہ قانونی کارروائی مکمل کر سکیں اور قبل ازیں پیش کردہ قراردادوں کے نفاذ کے لئے درکار تمام ضروری دستاویزات SECP کے پاس جمع کرا سکیں اور ذریعہ ہٰذا انہیں یہ اختیارات انفرادی طور پر دیئے جاتے ہیں۔

''**مزید قرار پایا کہ** متذکرہ بالا مقصد کے ضمن میں خصوصی قرارداد ہٰذا کی تاریخ سے قبل بورڈ کی جانب سے اٹھائے گئے تمام اقدامات بشمول SECP کی رجسٹری میں کمپنی کا نیا نام محفوظ کروانا لیکن صرف اس تک محدود نہیں، تسلیم کئے جائیں اور انہیں تسلیم کیا جاتا ہے۔''

**2۔ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن آف دی کمپنی میں کاروبار کی قسم میں کئے جانے والے ردّوبدل اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ضروری خیال کئے جانے والے کسی بھی ردّوبدل کی منظوری:**

''**قرار پایا کہ** اجلاس کے سامنے پیش کردہ کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں کئے گئے ردّوبدل کی منظوری دی جائے اور ذریعہ ہٰذا ایسے ردّوبدل کی منظوری دی جاتی ہے۔

''**مزید قرار پایا کہ** کمپنی سیکریٹری اور/ یا کمپنی کے ڈائریکٹر جناب شاہ رخ سعید فاروقی کو تمام قانونی اور کارپوریٹ کارروائیوں کی تکمیل، ترمیمات، تبدیلیاں، اضافہ جات اور تحریفات کرنے کے لئے ضروری خیال کئے جانے والے اقدامات اٹھانے اور خصوصی قرارداد ہٰذا کو مؤثر بنانے اور اس کا نفاذ کرنے کے لئے مطلوبہ دستاویزات رجسٹرار کے پاس جمع کروانے کے لئے انفرادی حیثیت میں مکمل اختیارات دیئے جائیں اور ذریعہ ہٰذا انہیں یہ اختیارات دیئے جاتے ہیں۔

''**مزید قرار پایا کہ** کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں کئے جانے والے ردّوبدل ان ترمیمات، تبدیلیوں، اضافوں، یا تحریفات سے مشروط ہوں گے جو مجاز افراد کی جانب سے موزوں خیال کئے جائیں یا جن کی تجاویز، ہدایات یا مشورے SECP کی جانب سے دیئے گئے ہوں اور یہ تجاویز، ہدایات یا مشورے زیرنظر خصوصی قرارداد کے حصے کے طور پر کمپنی کے ممبران کی جانب سے مزید خصوصی قرارداد کی منظوری کی ضرورت کے بغیر منظور کئے جائیں گے۔

''**مزید قرار پایا کہ** متذکرہ بالا مقصد کے ضمن میں خصوصی قرارداد ہٰذا کی تاریخ سے قبل بورڈ کی جانب سے اٹھائے گئے تمام اقدامات تسلیم کئے جائیں اور انہیں تسلیم کیا جاتا ہے۔

''**مزید قرار پایا کہ** بورڈ کو SECP کی جانب سے دی گئیں ہدایات/ مطلوبات کی بنیاد پر زیرِنظر قراردادوں میں کی گئیں ترمیمات سے اتفاق کرنے کے اختیارات دیئے جائیں اور ذریعہ ہٰذا دیئے جاتے ہیں۔''

**3۔ مسند نشین (چیئر پرسن) کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی:**

خصوصی امور کے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)134 کے تحت اسٹیٹمنٹ، نوٹس ہٰذا کے ساتھ منسلک ہے۔

کراچی۔ 3 مئی 2021ء

حسب الحکم بورڈ
**شمائلہ صدیقی**
کمپنی سیکرٹری

**نوٹس:**

**حصص منتقلی کھاتوں کی بندش**

ممبران کا رجسٹر اور کمپنی کے حصص منتقلی کھاتے 27 اپریل 2021 تا 3 مئی 2021 (دونوں دن شامل) تک بند رہیں گے۔

**اجلاس میں شرکت**

افراد کے لئے ضروری ہے کہ وہ کھاتے دار یا ذیلی کھاتے دار ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی قواعد کی مطابقت میں اپ لوڈ ہونے چاہئیں۔ اگر پہلے فراہم نہیں کئے گئے ہوں تو کارپوریٹ اداروں پر لازم ہے کہ وہ اپنے بورڈ کی قرارداد کی مصدقہ نقل یا پاور آف اٹارنی جو اٹارنی کے دستخطوں کی حامل ہو پیش کریں۔

کووڈ۔19 کی حالیہ صورتحال کے باعث اجلاس کی کارروائی صرف ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے انجام دی جائے گی۔ اجلاس میں شرکت میں خواہشمند ممبران سے التماس ہے کہ اپنی تقرری اور پراکسی کی تصدیق کی غرض سے وہ اپنا پورا نام، فولیو نمبر، CNIC نمبر، رجسٹرڈ ای میل ایڈریس اور رابطہ نمبر calcorp@optimus.com.pk پر اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے قبل تک فراہم کردیں۔ ویڈیو کانفرنسنگ لنک کی تفصیلات اور لوگ اِن کریڈنشیلز ان ممبران کو فراہم کئے جائیں گے جن کی تمام تفصیلات پر مشتمل ای میلز مورخہ 29 اپریل 2021ء تک موصول ہو جائیں گی۔

**برائے تقرر پراکسیز**

اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل کوئی بھی ممبر اپنی جانب سے اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کی غرض سے کسی اور ممبر کو پراکسی مقرر کرسکتا ہے تاہم ای ووٹنگ کی غرض سے کوئی نان ممبر بھی بطور پراکسی مقرر کیا جا سکتا ہے۔ لازم ہے کہ پراکسیز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس شروع ہونے سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل تک موصول ہو جائیں۔ پراکسی کے لئے فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.calcorp.com.pk پر دستیاب ہے۔ لازم ہے کہ پراکسی فارم دو افراد کی جانب سے تصدیق شدہ ہو جن کے نام، پتے، CNIC نمبر بھی فارم میں دیئے گئے ہوں۔ مالک انتفاعی اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول بھی پراکسی کے فارم کے ساتھ فراہم کی جائیں۔

**CNIC کی نقول جمع کرانا**

ایسے ممبران جنہوں نے اپنے CNIC کی نقول جمع نہیں کروائی ہیں ان کی فہرست کمپنی کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

**اسٹیٹمنٹ تحت دفعہ (3)134 بابت کمپنیز ایکٹ 2017ء**

بیان ہٰذا غیر معمولی اجلاس عام میں نمٹائے جانے والے خصوصی امور کے بارے میں مادّی حقائق پیش کرتا ہے۔

**کمپنی کے نام کی تبدیلی**

کمپنی کے برانڈ کے ساتھ منسلک برانڈ ویلیو کو قائم رکھتے ہوئے SECP کی ہدایات پر کمپنی کے نام میں سے لفظ ''لیزنگ'' نکال دینے کی غرض سے بورڈ نے فیصلہ کیا ہے کہ مذکورہ بالا ہدایات کے مطابق کمپنی کا نام تبدیل کر دیا جائے۔ اس غرض سے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں جہاں بھی کمپنی کا نام ظاہر ہوتا ہے وہاں ردّوبدل کیا جانا ضروری ہوگا۔ ممبران کی منظوری کے بعد نام میں تبدیلی کی منظوری اور تازہ اور تبدیل شدہ سرٹیفکیٹ آف اِن کارپوریشن کے اجراء کے لئے کمپنی ہٰذا رجسٹرار، ایس ای سی پی، کراچی کو درخواست دے گی۔ جس کی وصولی کے بعد کمپنی ہٰذا، 90 یوم تک سابقہ نام بھی استعمال کرنے کی شرط پر، جہاں بھی قابل اطلاق ہو مطلوبہ ردّوبدل عمل میں لائے گی۔

بورڈ تصدیق کرتا ہے کہ کمپنی کا مجوزہ نام کمپنی کی نئی پرنسپل لائن آف بزنس سے غیر متناسب نہیں ہوگا۔

**کاروبار کی قسم میں تبدیلی کے لئے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں ردّوبدل اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ردّوبدل جو موزوں خیال کیا جائے**

SECP کی جانب سے لیزنگ کے لائسنس کے اجراء سے انکار کے بعد بورڈ نے تجویز پیش کی ہے کہ پرنسپل لائن آف بزنس کی مناسبت سے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں ردّوبدل کیا جائے۔ کمپنی کے سرمائے اور فنڈز کو مختلف سرمایہ کاریوں بشمول کرائے پر دی جانے والی گاڑیوں، تمسکات، ملکیتِ دانش اور ہر قسم اور تصریحات والی دیگر سرمایہ کاریوں میں لگانا پرنسپل لائن آف بزنس ہوگی۔ بورڈ پُر اعتماد ہے کہ یہ تبدیلی کمپنی یا اس کے ممبران کے استثناعطاء کئے جانے کے بعد اجازت مفادات کو نقصان نہیں پہنچائے گی۔ چونکہ 2004ء میں قواعد میں تبدیلی کے بعد سے کمپنی نے کوئی لیزنگ لائسنس حاصل نہیں کیا ہے (نہ ہی 2009ء سے لیزنگ کا کاروبار کرسکی ہے جس کی اسے عدالت کی جانب سے دی گئی تھی)، ''مرکزی مقاصد کی شق'' میں تبدیلی کمپنی کے جاری کاروباری معمولات پر کسی تبدیلی پر منتج نہیں ہوگی۔

کمپنی کے نام میں تبدیلی کی حد تک آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ردّوبدل کے ساتھ ساتھ ان آرٹیکلز میں اس طرح تبدیلی کرنے کی ضرورت پیش آسکتی ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی تعمیل میں فراہم کردہ ٹیبل A فارمیٹ کے مطابق بنایا جاسکے۔ ماسوائے ڈائریکٹرز/ سی ای او/ شیئر ہولڈر کی حیثیت میں ہونے کے کمپنی کے کسی ڈائریکٹر یا سی ای او یا ان کے کسی رشتہ دار کا کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مجوزہ ردّوبدل سے کوئی مفاد وابستہ نہیں ہے۔

**معائنہ**

موجودہ میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن ہمراہ ترمیم شدہ میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں رکھ دی گئی ہے جس کا معائنہ نوٹس ہٰذا کے اجراء/ اشاعت کی تاریخ سے غیر معمولی اجلاس عام کے اختتام تک کسی بھی یوم کار پر اوقات کار کے دوران کیا جاسکتا ہے۔

CALCORP CAPITAL ASSETS LEASING CORPORATION LIMITED

awan brand com